تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

6 June 2024

پریس ریلیز

جامعہ مڈل اسکول کی ہیڈ مسٹریس صاحبہ ایس او ایف کے بہترین پرنسپل ایوارڈ سے سرفراز

جامعہ مڈل اسکول (جے ایم ایس) کی ہیڈ مسٹریس محترمہ نصرت جہاں کو اکیڈم کونسل آف سائنس اولمپیاڈ فاؤنڈیشن (ایس او ایف) نے سال دو ہزار تیئیس اور چوبیس میں 'بہترین ضلع پرنسپل ایوارڈ' کے لیے منتخب کیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ یہ انعام تعلیم کے میدان میں طلبا کی غیر معمولی قائدانہ صلاحیتوں، اکیڈم افضلیت کے مقصد سے کام کرنے کے سلسلے میں نئی اور دور س مہموں کو طے کرانے کے لیے دیا جاتا ہے۔

محترمہ جہاں نے ان شعبوں اور معیاروں کے مطابق بہترین مظاہرہ کیا ہے اور ان کی قیادت و رہبری میں اسکول کی کارکردگی میں خاطر خواہ بہتری آئی ہے۔ انھوں نے طلبا میں سائنسی اور ریاضی کے نظریے کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کیا ہے ساتھ ہی آموزش کے لیے طلبا میں تجسس و اشتیاق اور جذبے کو بھی تحریک دی ہے۔

سائنسی اور ریاضی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے ایس او ایف پابند عہد ہے اور انعام دینے سے قبل متعدد انٹریاں اس سلسلے میں موصول ہوئیں تھیں جن کا بغور جائزہ لینے کے بعد محترمہ نصرت جہاں کو اہل پایا اور انھیں بیسٹ پرنسپل ایوارڈ کے لیے منتخب کیا گیا۔ ان کی غیر معمولی قائدانہ صلاحیت، انقلاب آفرین اقدامات اور طلبا و فیکلٹی اراکین پر ان کے مثبت اثرات سے ایس او ایف کی انتخابی کمیٹی کافی متاثر تھی۔

موقر انعام جیتنے پر محترمہ جہاں نے ایس او ایف کا اعتراف کے لیے شکریہ ادا کیا اور ساتھ ہی مخلص تدریسی عملہ اور جے ایم ایس کے متجسس طلبا کی افضلیت کی تلاش کے لیے ان کی ستائش کی۔ ان کے طلبا نے اولمپیاڈ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا اور دو ہزار تیئیس اور چوبیس میں بہتر طلبا نے طلائی تمغے حاصل کیے تھے۔

دنیا کے ستر ممالک کے چودہ سو شہروں سے زیادہ انہتر ہزار چار سو اسکولوں سے اور لاکھوں کی تعداد میں طلبا نے اولمپیاڈ امتحان میں شرکت کی تھی جس میں جے ایم ایس طلبا نے بہترین مظاہرہ کیا تھا۔

محترمہ نصرت جہاں ہمیشہ طلبا کے مفاد کے لیے کوشاں رہتی ہیں اور تجربہ کار اور مخلص استاد ہیں۔ وہ ہزاروں طلبا کی کامیابی وکامرانی کی محرک ہیں۔ ان کی بھرپور معلومات، تہذیب و شائستگی اور پرکشش شخصیت نے انھیں اس اعزاز کا مستحق بنایا ہے۔ ایس او

ایف کی اکیڈمک کونسل نے تعلیم کے کاز کے لیے محترمہ نصرت جہاں کی کوششوں کی ستائش کی۔

پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ان کی کامیابی پر مبارک دی ہے اور جامعہ مڈل اسکول کے ہیڈ مسٹریس کے طور پر ان کی خدمات کی تعریف کی ہے۔ یہ اسکول ایک مخلوط تعلیم کا اسکول ہے جو جامعہ کے قیام کے ساتھ ہی قائم ہوا تھا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی